انگلینڈ نے ویسٹ انڈیز کو 8 وکٹوں سے ہرایا

گراس آئلٹ (یو این آئی)

فل سالٹ ناٹ آؤٹ (87) اور جونی بیرسٹو (48) کی دھماکہ خیز اننگز کی بدولت انگلینڈ نے ٹی-20 ورلڈ کپ کے سپر ایٹ میچ میں ویسٹ انڈیز کو آٹھ وکٹوں سے شکست دی۔ سینٹ لوسیا کے ڈیرن سیمی اسٹیڈیم میں انگلینڈ کے کپتان جوس بٹلر نے ٹاس جیت کر پہلے بالنگ کا فیصلہ کیا۔ بیٹنگ کے لیے آنے والی ویسٹ انڈیز کی اوپننگ جوڑی برینڈن کنگ اور جانسن چارلس نے اچھی شروعات کی۔ برینڈن کنگ (23) کے ریٹائر ہرٹ ہونے تک ویسٹ انڈیز نے 40 رن بنا لئے تھے۔ اس کے بعد بیٹنگ کے لیے آنے والے نکولس پورن نے جانسن چارلس کا بخوبی ساتھ نبھایا۔ 12 ویں اوور میں معین علی نے جانسن چارلس (38) کو آؤٹ کر کے انگلینڈ کو پہلی کامیابی دلائی۔ 15 ویں اوور میں کپتان رومین پاویل (36) اور پھر نکولس پورن (36) رن بنانے کے بعد آؤٹ ہوئے۔ شیرفین ردرفورڈ نے ناٹ آؤٹ 28 رن بنائے۔ ویسٹ انڈیز نے مقررہ 20 اوورز میں چار وکٹوں پر 180 رن بنائے۔

❖ فل سالٹ ناٹ آؤٹ 87 اور جونی بیرسٹو 48 کی دھماکہ خیز بیٹنگ کی بدولت انگلینڈ نے فتح حاصل کی

انگلینڈ کی جانب سے جوفرا آرچر، عادل رشید، معین علی اور لیام لیونگ اسٹون نے ایک ایک وکٹ حاصل کیا۔ 181 رن کے ہدف کے تعاقب میں انگلینڈ نے اچھی شروعات کی اور پہلے وکٹ پر 67 رن جوڑے۔ آٹھویں اوور میں کپتان جوس بٹلر (25) کو ایل بی ڈبلیو آؤٹ کرکے روسٹن چیز نے ویسٹ انڈیز کو پہلی کامیابی دلائی۔ اس کے بعد 11 ویں اوور میں آندرے رسل نے معین علی (13) کو اپنا شکار بنایا۔ بٹلر اور سالٹ کے درمیان 46 گیندوں پر 67 رن کی شراکت داری ہوئی۔ معین علی کے بعد بیٹنگ کے لیے آنے والے جونی بیرسٹو نے اوپنر فل سالٹ کے ساتھ مل کر اننگز کو سنبھالا۔ فل سالٹ نے 47 گیندوں پر سات چوکوں اور پانچ چھکوں کی مدد سے 87 رن کی ناٹ آؤٹ اننگز کھیلی۔ وہیں جونی بیرسٹو نے 26 گیندوں پر پانچ چوکوں اور دو چھکوں کی مدد سے ناٹ آؤٹ 48 رن بنائے۔ انگلینڈ نے 17.3 اووروں میں دو وکٹوں پر 181 رن بنائے اور میچ آٹھ وکٹوں سے جیت لیا۔ فل سالٹ کو بہترین بلے بازی پر پلیئر آف دی میچ کا ایوارڈ دیا گیا۔ ویسٹ انڈیز کی جانب سے آندرے رسل اور روسٹن چیز نے ایک ایک بلے باز کو آؤٹ کیا۔

آسٹریلیائی کپتان مچل مارش بالنگ کرانے کیلئے فٹ



فلوریڈا (یو این آئی)

آئی سی سی ٹی-20 ورلڈ کپ میں آسٹریلوی کپتان مچل مارش کو بولنگ کرانے کیلئے فٹ قرار دے دیا گیا۔ کرکٹ آسٹریلیا کے مطابق آل راؤنڈر مچل مارش سپر-8 مرحلے میں بالنگ کرا سکیں گے۔ مچل مارش آئی پی ایل کے دوران انجری کا شکار ہوئے تھے، وہ ٹی-20 ورلڈ کپ کے پہلے مرحلے میں بیٹنگ کیلئے فٹ قرار پائے تھے۔ اس حوالے سے مچل مارش کا کہنا ہے کہ مجھے بالنگ کی اجازت مل چکی ہے، ہوسکتا ہے بالنگ کی ضرورت نہ پڑے۔ انہوں نے کہا کہ اس وقت تمام بالنگ لائن اپ اچھی جا رہی ہے۔ سپر ایٹ مرحلے میں آسٹریلیا کا بنگلہ دیش کے خلاف میچ 21 جون کو شیڈول ہے۔

مائیکل وان ایک خطرناک بیماری میں مبتلا تھے: سابق انگلش کپتان

لندن (یو این آئی) انگلینڈ کرکٹ ٹیم کے سابق کپتان اور کمنٹیٹر مائیکل وان نے انکشاف کیا کہ وہ ایک خطرناک بیماری میں مبتلا تھے۔ مائیکل وان نے برطانوی اخبار کو خوفناک بیماری کا انکشاف کرتے ہوئے بتایا کہ وہ ذہنی دباؤ کی وجہ جسمانی پیچیدگیوں کا شکار ہوئے اور اپنی شرٹ کے بٹن اور جوتے کے تسمے تک بھی نہیں باندھ سکتے تھے جب کہ پاکستان کے آسٹریلیا کے خلاف باکسنگ ڈے ٹیسٹ کے دوران بیماری کی علامات شدید تر تھیں۔ مائیکل وان نے کہا کہ میں مائیکروفون نہیں اٹھا سکتا تھا، مجھے کمنٹری باکس سے میلبرن کے اسپتال بھیج دیا گیا، واپس انگلینڈ آ کر سی ٹی اسکین کرایا جس سے جسم میں اسٹریس ہارمونز کا پتا چلا، میرے جوڑوں میں شدید درد تھا، میں اگر 80 برس کا ہوتا تو خود کو گولی مارنا چاہتا۔ سابق کپتان کا کہنا تھا کہ جیسے مینٹل ہیلتھ (ذہنی صحت) کی تشخیص کرنا مشکل ہوتا ہے اسی طرح اس بیماری کا بھی جلد پتا نہیں چلتا، آپ کا جسم یہ نہیں کہتا کہ آپ انگلینڈ کے سابق کپتان ہیں تو ہم بیماری کو نہیں آنے دیں گے، بیماری کسی بھی وقت کسی بھی حالت اور کسی کو بھی ہوسکتی ہے۔ مائیکل وان نے مزید کہا کہ کئی مرتبہ میں باہر نہیں نکلتا تھا کیونکہ میں شرمندہ ہوتا تھا جب کہ کار میں بیٹھنا اور نکلنا بہت ہی مشکل تھا۔



برینڈن کنگ کا سپر 8 کے بقیہ میچوں میں کھیلنا مشکوک

اینٹیگا (ایجنسیاں)

ویسٹ انڈیز کی ٹی-20 ورلڈ کپ مہم کو ایک بڑا دھچکا لگا ہے کیونکہ گزشتہ شب سینٹ لوشیا میں انگلینڈ کے خلاف میچ کے دوران اسٹار بلے باز برینڈن کنگ سائیڈ اسٹرین کا شکار ہو گئے۔ کنگ کو اس وقت چوٹ لگی جب وہ سیم کرن کی ایک طاقتور کورڈ رائیو کو نشانہ بنانے کی کوشش کر رہے تھے، جس کی وجہ سے انہیں چوٹ سے ریٹائر ہونا پڑا اور وقت سے پہلے میدان چھوڑنا پڑا۔ کنگ نے ویسٹ انڈیز کو شاندار آغاز فراہم کرنے میں اہم کردار ادا کیا، صرف 12 گیندوں پر 23 رنز بنائے، جس میں ریس ٹوپلے کا 101 میٹر کا چھکا بھی شامل تھا۔ اس کے لیے متبادل گیند کی ضرورت تھی۔ تاہم، ان کی جارحانہ اننگز اس وقت اچانک رک گئی جب وہ اپنی 13 ویں گیند پر درد سے کراہنے لگے۔ فوری طبی امداد حاصل کرنے کے بعد، کنگ مزید کھیلنے کے قابل نہیں رہے اور بعد میں ان کی سائیڈ سٹرین کی تشخیص ہوئی۔ کرکٹ ویسٹ انڈیز نے انجری کی تصدیق کرتے ہوئے اعلان کیا کہ کنگ انگلینڈ کے رنز کے تعاقب کے دوران میدان میں واپس نہیں آئیں گے۔

کرکٹ ویسٹ انڈیز نے کہا کہ برانڈن کنگ کو سائیڈ سٹرین کا سامنا ہے اور وہ اس شام کے میچ میں میدان میں نہیں اتریں گے۔ سائیڈ اسٹرینز کو ٹھیک ہونے میں عام طور پر کئی ہفتے لگتے ہیں، اس لیے کنگ ورلڈ کپ کے بقیہ میچوں کے لیے مشکوک ہیں، خاص طور پر ٹورنامنٹ میں صرف 10 دن باقی ہیں۔ یہ چوٹ ویسٹ انڈیز کے لیے ایک بڑا دھچکا ہے، جس نے کنگ کے تجربے اور مہارت پر انحصار کیا ہے، خاص طور پر جنوبی افریقہ کے خلاف ان کی حالیہ کپتانی کے پیش نظر جب کہ رومین پاول آئی پی ایل میں مصروف تھے۔ اگرچہ کنگ ٹورنامنٹ کے دوران اپنی بہترین فارم میں نہیں رہے، لیکن ان کا سب سے زیادہ اسکور 34 ہے، ایک سینئر کھلاڑی کے طور پر ان کی موجودگی ٹیم کی حرکیات کے لیے انمول رہی ہے۔ کنگ کی غیر موجودگی میں ویسٹ انڈیز کو اپنے اسٹینڈ بائی کھلاڑیوں میں سے مناسب متبادل تلاش کرنے کے مشکل کام کا سامنا ہے۔ ٹیم میں آندرے فلیچر، کائل میئرز، فیبین ایلن، ہیڈن والش جونیئر اور میتھیو فورڈ شامل ہیں۔ کائل میئرز، جو ابتدائی ٹیم کے انتخاب میں شامل نہ ہونے کے باعث بدقسمت تھے، اپنی استعداد اور مضبوط فارم کے پیش نظر اس پوزیشن کے لیے سب سے زیادہ ممکنہ امیدوار ہیں۔ ایک اور آپشن آندرے فلیچر ہے، جو ٹاپ آرڈر بلے باز کے طور پر اپنی صلاحیتوں کے لیے جانا جاتا ہے۔

جرمنی ہنگری کو شکست دے کر یورو کپ کے ناک آؤٹ مرحلے میں داخل

لیپزگ (یو این آئی) جرمنی نے جمال موسیالا کے شاندار گول کی بدولت یورو کپ گروپ اے کے میچ میں ہنگری کو 2-0 سے شکست دے کر ناک آؤٹ مرحلے میں داخل ہو گیا ہے۔ بدھ کی شب کھیلے گئے میچ میں اپنے ہوم گراؤنڈ پر کھیلتے ہوئے موسیالا نے پہلے ہاف کے 22 ویں منٹ میں گول کر کے جرمنی کو برتری دلا دی۔ دوسرے ہاف میں جرمنی کے کپتان الکے گنڈوگن نے 67 ویں منٹ میں آسان گول کر کے برتری کو دوگنا کر دیا۔ یورو کپ کے دو میچ ڈرا پر ختم ہوئے۔ کروشیا اور البانیہ کے درمیان کھیلا گیا میچ 2-2 گول سے برابر رہا۔ اسکاٹ لینڈ اور سوئٹزرلینڈ کے درمیان کھیلا گیا میچ بھی 1-1 گول سے برابر رہا۔

نوئیڈا اسٹی نے پیوش کی ہیٹ ٹرک کے ساتھ ناردرن یونائیٹڈ کو ہرایا

نئی دہلی (یو این آئی)

پیوش بھنڈاری کی ہیٹ ٹرک کی بدولت نوئیڈا اسٹی ایف سی نے ڈی ایس اے 'اے' ڈویژن لیگ کے فری فار آل مقابلے میں ناردرن یونائیٹڈ فٹبال کلب کو 0-4 سے شکست دے کر سپر سکس میں جیت کا کھاتہ کھول دیا۔ دارالحکومت دہلی کے جواہر لعل نہرو اسٹیڈیم میں کھیلے گئے متنازعہ میچ میں اس کے اسٹار کھلاڑی پیوش بھنڈاری نے فاتح نوئیڈا اسٹی ایف سی کے لیے ہیٹ ٹرک اسکور کی جب کہ کرمانیا نے ایک اور گول کیا۔ میچ میں چار گول ہوئے اور اتنے ہی سرخ کارڈ دکھائے گئے۔ ناردرن یونائیٹڈ کے اشیش رائے اور ملند نیگی اور نوئیڈا اسٹی کے منیش سویل کو ریفری محمد فیصل نے ریڈ کارڈ دیا تو دونوں ٹیموں کے کھلاڑی کھیل کی روح کو بھول کر لڑنے لگے۔ تقریباً ایک گھنٹے تک ناردرن یونائیٹڈ کو نو کھلاڑیوں اور نوئیڈا اسٹی کو دس کھلاڑیوں کے ساتھ کھیلنا پڑا۔ جس کے نتیجے میں ناردرن یونائیٹڈ کو چار گول سے شکست کا سامنا کرنا پڑا۔ پیوش بھنڈاری نے 42 ویں، 69 ویں اور 72 ویں منٹ میں گول کر کے ہیٹ ٹرک مکمل کی۔

بی سی سی آئی نے ہندوستانی ٹیم کے ہوم سیزن کے شیڈول کا اعلان کیا

ممبئی (یو این آئی)

بورڈ آف کنٹرول فار کرکٹ ان انڈیا (بی سی سی آئی) نے جمعرات کو بنگلہ دیش، نیوزی لینڈ اور انگلینڈ کے 2024-25 کے بین الاقوامی ڈومیسٹک سیزن کے شیڈول کا اعلان کیا۔ بی سی سی آئی کے اعلان کے مطابق یہ سیشن ستمبر میں شروع ہوگا۔

سیزن کے پہلے حصے میں ہندوستانی ٹیم بنگلہ دیش کے ساتھ دو میچوں کی ٹیسٹ سیریز کھیلے گی اور اس کے بعد دونوں ممالک کے درمیان تین میچوں کی ٹی-20 سیریز کھیلی جائے گی۔ پہلا ٹیسٹ 19 ستمبر سے چنئی میں اور دوسرا ٹیسٹ 27 ستمبر سے کانپور میں کھیلا جائے گا۔ اس کے بعد دھرم شالہ، دہلی اور حیدرآباد میں تین ٹی-20 میچ کھیلے جائیں گے۔

بنگلہ دیش کے دورے کے بعد نیوزی لینڈ کی ٹیم تین میچوں کی ٹیسٹ سیریز کے لیے ہندوستان آئے گی۔ پہلا ٹیسٹ 16 اکتوبر سے بنگلورو میں شروع ہوگا۔ اس کے بعد دوسرا ٹیسٹ 24 اکتوبر سے پونے میں اور تیسرا ٹیسٹ یکم نومبر سے ممبئی میں کھیلا جائے گا۔ انگلینڈ کی ٹیم نئے سال کے آغاز میں ہندوستان کا دورہ کرے گی۔ پانچ میچوں کی ٹی-20 سیریز کا آغاز 22 جنوری سے چنئی میں ہوگا۔ دوسرا ٹی-20 25 جنوری کو کولکاتا میں کھیلا جائے گا۔ اس کے بعد 28 جنوری کو راجکوٹ، 31 جنوری کو پونے اور 2 فروری کو ممبئی کھیلا جائے گا۔ تین ون ڈے میچوں کی سیریز 6 فروری سے ناگپور میں شروع ہوگی۔ اس کے بعد دوسرا اور تیسرا ون ڈے میچ 9 فروری کو کٹک اور 12 فروری کو احمد آباد میں کھیلا جائے گا۔

ٹیسٹ سیریز: سرفراز ایکشن میں دکھائی دیں گے

کراچی (ایجنسیاں)

بنگلہ دیش کے خلاف ٹیسٹ سیریز میں سرفراز احمد کے ایکشن میں آنے کا امکان ہے، 2 ہوم میچز میں بابر اعظم سمیت کچھ سینئرز کو آرام دیا جاسکتا ہے، کچھ نئے کھلاڑیوں کو بھی موقع مل سکتا ہے، عبداللہ شفیق، سلمان علی آغا اور سعود شکیل بھی وائٹ کٹ زیب تن کریں گے۔ تفصیلات کے مطابق ٹی-20 ورلڈ کپ میں مایوس کن پرفارمنس کے بعد پاکستان کرکٹ ٹیم کی اگلی مصروفیت بنگلہ دیش کے خلاف 2 ٹیسٹ میچز کی ہوم سیریز ہے، یہ مقابلے آئی سی سی ٹیسٹ چیمپئن شپ کا حصہ ہیں، ان میں بابر اعظم، محمد رضوان اور شاہین شاہ آفریدی کو آرام دیتے ہوئے کچھ نئے کھلاڑیوں کو موقع دیا جاسکتا ہے، وکٹ کیپر بیٹر سرفراز احمد بھی ہوم گراؤنڈز پر ایکشن میں دکھائی دے سکتے ہیں۔ کپتان شان مسعود اس سیریز میں رضوان کی جگہ سرفراز کو ہی وکٹ کیپنگ کی ذمہ داری انجام دیتا دیکھنا چاہتے ہیں، ایک رپورٹ کے مطابق سلیکشن کمیٹی کی توجہ بھی اب طویل فارمیٹ کی سیریز کی جانب مرکوز ہوگئی ہے، جس کیلئے ٹیم کی تشکیل کیلئے کمیٹی کی کپتان شان مسعود اور ٹیسٹ کوچ جیسن گلیسپی سے مشاورت کی جائے گی۔ رپورٹ میں یہ بھی کہا گیا ہے کہ چیئرمین پی سی بی محسن نقوی نے بنگلہ دیش کے خلاف اس سیریز میں نئے اور نوجوان کھلاڑیوں کو موقع دینے کی بات کی ہے۔ شاہنواز دھانی، عامر جمال، خرم شہزاد، میر حمزہ اور نسیم شاہ کے انتخاب کی صورت میں حارث رؤف کے نام پر غور نہیں ہوگا، وائٹ بال کپتان بابر اعظم کو بھی آرام ہی دینے پر غور ہو رہا ہے۔ اس ہوم سیریز کیلئے عبداللہ شفیق، سلمان علی آغا اور سعود شکیل کا انتخاب بظاہر یقینی دکھائی دے رہا ہے۔

ورلڈ کپ سے ٹیم کا اخراج
انضمام الحق کی سلیکشن کمیٹی پر تنقید

کراچی (ایجنسیاں)

سابق پاکستانی کرکٹرز نے ٹی-20 ورلڈ کپ میں ابتدائی راؤنڈ سے اخراج پر سلیکشن کمیٹی کو آڑے ہاتھوں لے لیا۔ سابق چیف سلیکٹر انضمام الحق نے اپنے یوٹیوب چینل پر موجودہ سلیکشن کمیٹی پر شدید تنقید کرتے ہوئے کہا کہ موجودہ ٹیم میں اسپیشلائزڈ مڈل آرڈر بیٹسمین کی کمی شدت سے محسوس کی گئی، جو ٹیم کے شو پیس ایونٹ کے جلد اخراج کی وجہ بنا، یقینی طور پر یہ کوئی ٹیم چننے کا انداز نہیں ہوتا، نمبر ون سے نمبر 5 تک تمام اوپنرز منتخب کر لیے گئے تھے۔

بھارت نے سپر-8 میں جیت کے ساتھ کی شروعات

برج ٹاؤن (یو این آئی) سوریہ کمار یادو کی شاندار نصف سنچری اننگز کے بعد جسپریت بمراہ (تین وکٹیں) اور ارشدیپ سنگھ کی خطرناک گیند بازی کی بدولت ہندوستان نے ٹی-20 ورلڈ کے سپر 8 گروپ ایک کے میچ میں افغانستان کو 47 رن سے شکست دے دی۔ ٹی-20 عالمی کپ میں ہندوستان کی افغانستان پر یہ مسلسل چوتھی جیت ہے۔ پہلا اوور ڈالنے آئے ارش دیپ سنگھ نے 13 رن لٹائے۔ گرباز نے ان کی پہلی گیند پر چوکا اور پانچویں گیند پر چھکا لگا کر افغانستان کا اسکور پہلے اوور میں بغیر کسی نقصان کے 13 رن پہنچایا۔ اننگز کے دوسرے اوور میں جسپریت بمراہ نے ہندوستان کو پہلی کامیابی دلائی۔ انہوں نے اوور کی دوسری گیند پر رحمٰن اللہ گرباز کو وکٹ کیپر پنت کے ہاتھوں کیچ کرایا۔ گرباز نے آف اسٹمپ کے باہر گیند کو کھیلنے کی کوشش کی اور گیند بلے کے بیرونی کنارے کو لے کر وکٹ کیپر کے پاس چلی گئی۔ چوتھا اوور کرنے آئے اکشر پٹیل نے ہندوستان کو دوسری وکٹ دلائی۔

◀ ٹی-20 ورلڈ کپ میں بھارت کی افغانستان کے خلاف مسلسل چوتھی جیت

◀ سوریہ کی نصف سنچری، بمراہ اور ارشدیپ نے 3-3 وکٹیں حاصل کیں

سابق ہندوستانی کرکٹر ڈیوڈ جانسن کی بالکونی سے گر کر موت

بنگلورو (یو این آئی) ہندوستانی کرکٹ ٹیم کے سابق فاسٹ بالر اور کرناٹک کے رنجی کھلاڑی ڈیوڈ جانسن کی جمعرات کو اپنے اپارٹمنٹ کی چوتھی منزل کی بالکونی سے گر کر موت ہوگئی۔ ان کی عمر 52 سال تھی۔ سابق کرکٹر نے پسماندگان میں اہلیہ اور دو بچے چھوڑے ہیں۔ بالکونی سے گرنے کے بعد جانسن کو قریبی نجی اسپتال لے جایا گیا جہاں ڈاکٹروں نے معائنے کے بعد انہیں مردہ قرار دے دیا۔ مقامی پولیس نے اس سلسلے میں کیس درج کر کے تحقیقات شروع کر دی ہے۔ ڈیوڈ جانسن کے انتقال پر کرکٹ کی دنیا نے دکھ کا اظہار کیا ہے۔ ہندوستانی کرکٹ لیجنڈ انیل کمبلے نے سابق کھلاڑی کے ساتھ دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ میرے کرکٹنگ ساتھی ڈیوڈ جانسن کے انتقال کی خبر سن کر دکھ ہوا۔ ان کے اہل خانہ سے دلی تعزیت۔ 'بینی' بہت جلد چلے گئے۔ بورڈ آف کنٹرول فار کرکٹ ان انڈیا (بی سی سی آئی) کے سکریٹری جے شاہ نے بھی اپنی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ہمارے سابق ہندوستانی فاسٹ بالر ڈیوڈ جانسن کے اہل خانہ اور دوستوں کے ساتھ گہری تعزیت۔ کھیل میں ان کی شراکت کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔ 16 اکتوبر 1971 کو پیدا ہونے والے جانسن اپنی تیز گیند بازی اور کھیل کے لیے غیر متزلزل جذبے کے لیے جانے جاتے تھے۔ جانسن نے اپنے پہلے ٹیسٹ میچ میں وینکٹیش پرساد کے ساتھ بولنگ کا آغاز کیا۔ اس کے بعد وہ جنوبی افریقہ کے دورے پر گئے اور پہلا ٹیسٹ کھیلا۔ جانسن کی لیٹ لائن اتنی درست نہیں تھی جس کی وجہ سے انہیں ہندوستان کے لیے صرف دو ٹیسٹ میچ کھیلنے کا موقع ملا۔ انہوں نے 1995-96 کے رنجی ٹرافی سیزن میں کیرالہ کے خلاف 152 رنز کے عوض 10 وکٹوں کی اپنی بہترین کارکردگی کے ساتھ قومی سطح پر اپنی شناخت بنائی۔ کرکٹ سے ریٹائر ہونے کے بعد جانسن بغیر کسی رکاوٹ کے کوچنگ اور مینٹورنگ میں تبدیل ہو گئے اور خواہشمند کرکٹرز کے سرپرست بن گئے۔

◀ 16 اکتوبر 1971 کو پیدا ہونے والے جانسن اپنی تیز گیند بازی اور کھیل کے لیے غیر متزلزل جذبے کے لیے جانے جاتے تھے۔

◀ 1995-96 کے رنجی ٹرافی سیزن میں کیرالہ کے خلاف 152 رنز دے کر 10 وکٹ لیئے اور قومی سطح پر اپنی شناخت بنائی تھی۔



یورو کپ میں فرانسیسی کپتان ایمباپے اپنی ناک تڑوا بیٹھے

برلن (یو این آئی)

یورو کپ 2024 میں فرانسیسی ٹیم کے کپتان ایمباپے زخمی ہوگئے وہ ہیڈ شاٹ لگانے کی کوشش میں حریف کھلاڑی کے کندھے سے ٹکرا گئے۔ جرمنی میں کھیلے جا رہے یورو کپ 2024 کے سلسلے میں ڈسلڈورف میں آسٹریلیا کے خلاف میچ میں فرانسیسی ٹیم کو اس وقت بڑا نقصان اٹھانا پڑا، جب ٹیم کے کپتان اور فارورڈ کائلیان ایمباپے ہیڈ شاٹ لگانے کی کوشش کے دوران حریف کھلاڑی کے کاندھے سے ٹکرا گئے جس کے نتیجے میں ان کی ناک کی ہڈی ٹوٹ گئی۔ یہ چوٹ اتنی شدید تھی کہ ایمباپے کی ناک سے خون بہنے لگا جب کہ کھلاڑی کو طبی امداد کے لیے فوری طور پر قریبی اسپتال لے جایا گیا۔ میچ کے بعد پریس کانفرنس کرتے ہوئے فرانسیسی فٹ بال ٹیم کے کوچ ڈیڈیئر ڈیشومپس نے کہا کہ آج کا دن کپتان کے لیے اچھا نہیں تھا اور ان کی ناک بری طرح متاثر ہوئی ہے۔ یورو کپ 2024 میں کائلیان ایمباپے فرانس کی امیدوں کا محور ہیں، ٹیم کے اس اہم کھلاڑی نے فرانس کے لیے 80 میچوں میں 47 گولز اسکور کیے ہیں۔ دوسری جانب اس حوالے سے فرانسیسی فٹبال فیڈریشن کے ترجمان کا بیان سامنے آیا ہے کہ ایمباپے ٹھیک ہے اور ٹیم کے بیس کیمپ میں واپس آچکے ہیں۔ انہیں فی الحال سرجری کی ضرورت نہیں لیکن ان کا علاج جاری رہے گا، تاہم ابھی یہ معلوم نہیں ہوسکا کہ وہ 21 جون (جمعہ) کو نیدرلینڈ کے خلاف میچ میں حصہ لے سکیں گے یا نہیں۔ رپورٹ کے مطابق اس حوالے سے فرانسیسی فٹبال فیڈریشن اپنے کپتان کی ناک کی حفاظت کے لیے خصوصی ماسک بنوانے کا سوچ رہی ہے۔

امریکی ٹیم کے نئے اولمپک یونیفارم سامنے آئے

واشنگٹن (ایجنسیاں) پیرس اولمپکس 2024 کے لیے امریکی ٹیم کے نئے اولمپک یونیفارم سامنے آگئے۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق امریکی ٹیم کے ایتھلیٹس پیرس میں افتتاحی اور اختتامی تقریب میں یہ یونیفارمز پہنیں گے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق یونیفارم کی تیاری کے دوران امریکی کھلاڑیوں اور اولمپک کمیٹی کے ساتھ بھی بات چیت جاری رہی تھی۔ واضح رہے کہ پیرس اولمپکس کا آغاز 26 جولائی سے ہو رہا ہے۔